بیاد گارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب

Daily AFAAQ Srinagar

اتوار ۲۶ اکتوبر ۲۰۲۵ء بمطابق ۳ جمادی الاول ۱۴۴۷ھ

## اقوال زریں

تمہاری زندگی میں کوئی ایسا دن نہ گذرے جس میں تم اپنے آپ میں کوئی بہتری پیدا نہ کرسکو (ہربرٹ سپنسر)

# کوئی نیکی حقیر نہیں ہوتی

چھوٹی چھوٹی نیکیاں اوران کے فوائد وثمرات سمیٹنے کے مواقع بار بار ہماری زندگی میں آتے ہیں لیکن بے توجہی اور لاشعوری ہمیں ان نیکیوں پر عمل پیرا ہونے سے روکے رکھتی ہے۔ہم محض یہ سوچ کر کہ اتنے چھوٹے سے عمل کا کیا فائدہ ہوگا،اُس نیکی کی ادائیگی سے باز رہتے ہیں۔مثلاً راہ میں کوئی نقصان دہ پتھر یا کانٹا نظر آیا اور فقط اس وجہ سے اس کو دور نہیں کیا کہ یہ معمولی سی نیکی ہے، اللہ کے گھر میں تنکا یا کوئی اور معمولی گندگی دیکھی، مگراس کے زائل کردینے کو چھوٹا عمل خیال کرتے ہوئے چھوڑ دیا۔

یہ فقط دو مثالیں ہیں ، ورنہ اس طرح کے بیسیوں مواقع ہماری روزمرہ کی زندگی میں آتے ہیں کہ نیکی کا موقع ہونے کے باوجود اسے معمولی خیال کرتے ہوئے نظرانداز کردیا جاتا ہے۔حالانکہ ہمارا معاملہ اس رحیم ، کریم اور انصاف کرنے والے رب کے ساتھ ہے جو چھوٹی سے چھوٹی نیکی کا بدلہ بھی ہمیں ضرور عطا فرمائے گا۔چنانچہ وہ خود فرماتا ہے: فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ( سورۃ الزلزال، رقم الآیۃ :(سو جو کوئی بھی ایک ( معمولی ) ذرے کے برابر بھی نیکی کرے گا تو اس کو دیکھ لے گا ( الزلزال )

اس آیت سے واضح ہے کہ ایک ذرہ کے برابر بھی بھلائی اگر کوئی انسان کرے گا،اسے بھی اللہ کے ہاں پائے گا،اوراس کا بدلہ وانعام بھی ملے گا۔

بنی اسرائیل کی ایک فاحشہ اور بدکار عورت کا قصہ احادیث میں موجود ہے کہ اس نے ایک پیاسے کتے کو اللہ کی مخلوق سمجھتے ہوئے پانی پلادیا،جس پر اللہ نے اس کی بدکاریوں اور خطاؤں سے درگزر کر کے اس کی بخشش فرمادی۔(ملاحظہ ہو : صحیح مسلم،رقم الحدیث :،کتاب السلام،باب فضل ساقی البہائم المحترمۃ واِطعامہا)

بلکہ ایک حدیث سے تو یہ بھی پتا چلتا ہے کہ کھانے پینے کے بعد فقط شکر ادا کرنے سے بھی اللہ تعالیٰ راضی ہوتے ہیں۔( ملاحظہ ہو : صحیح مسلم،رقم الحدیث ،کتاب الذکر والدعاء والتوبۃ والاستغفار ، باب استحباب حمد اللہ تعالی بعد الأکل والشرب )

جبکہ دیکھا جائے تو یہ کتنا معمولی اور مختصر سا عمل ہے اوراس کی ادائیگی میں قابلِ ذکر وقت بھی صَرف نہیں ہوتا۔ہماری روزمرہ زندگی میں متعدد ایسے مواقع آتے ہیں جن میں ہم کچھ خرچ کیے بغیر، چند لمحوں میں کئی نیکیوں کا اضافہ اپنے نامۂ اعمال میں کرسکتے ہیں ، اور اللہ کی رضا کو پاسکتے ہیں ۔ہم ان نیکیوں کو معمولی خیال کرتے ہوئے نظرانداز نہ کردیا کریں ، ورنہ ہم دنیا وآخرت میں کئی فوائد وثمرات سے محروم رہ جائیں گے

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی یہی تعلیم ارشاد فرمائی ہے ۔چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے: لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوفِ شَيْئًا، وَلَوْ أَنْ تَلْقَى أَخَاكَ بِوَجْهٍ طَلْقٍ ( صحیح مسلم،رقم الحدیث : ،کتاب البر والصلۃ والآداب ، باب استحباب طلاقۃ الوجہ عند اللقاء ( کسی نیکی کو بھی حقیر مت جانو،حتیٰ کہ اپنے بھائی کے ساتھ خندہ پیشانی سے ملنے کو بھی حقیر مت سمجھو ( مسلم )

خلاصہ یہ کہ کسی بھی نیکی کو حقیر سمجھنا اور معمولی خیال کرتے ہوئے چھوڑ دینا درست راہِ عمل نہیں ۔کیا خبر اللہ تبارک وتعالیٰ اسی چھوٹی سی نیکی پر ہماری بخشش فرما دیں، جس کو ہم معمولی خیال کرکے چھوڑ بیٹھے ہوں،اور ہوسکتا ہے کہ ہماری مغفرت اسی نیکی پر موقوف ہو۔اس باب میں بنی اسرائیل کی فاحشہ عورت کا قصہ اپنے سبق کے ساتھ ہمارے سامنے واضح ہے۔

لہٰذا کسی بھی اچھائی کو معمولی اور حقیر جان کر نظرانداز کرنے سے بچنا چاہیے، خدا جانے ! کل بروزِ محشر کون سی نیکی اور بھلائی ، اچھائیوں والے پلڑے کو بھاری کر کے ہمیں سرخرو کروادے

# تماشاگاہ



حافظ مجاہد عظیم آبادی
ایڈیٹر: روح حیات سینٹر
8210779650

ہندو پاک شادی ایک ایسا موقع ہے جو کہ بظاہر سنجیدہ دکھائی دیتا ہے، لیکن اگر آپ اس کا حقیقی جائزہ لیں، تو یہ ایک مکمل کامیڈی شو ہے۔جس میں ہر کردار اپنی اپنی قسطوں میں ناظرین کو ہنساتا ہے۔شادی کوئی سادہ تقریب نہیں ہوتی ، یہ ایک ہفتے کی ایسی تفریح ہوتی ہے کہ آپ ہنس ہنس کر تھک جائیں اور پھر بھی مزید ہنسنا چاہیں۔چلیں، دیکھتے ہیں کیسے!

سب سے پہلا مرحلہ ہوتا ہے "رشتہ طے ہونا"، جو کہ دراصل ایک جاسوسی فلم کے پہلے سین جیسا ہوتا ہے۔لڑکے والے ایک طے شدہ وقت پر لڑکی کے گھر آتے ہیں، اور لڑکی والے ان کا ایسا استقبال کرتے ہیں جیسے ملکہ برطانیہ آرہی ہو۔ گھر کا ہر فرد اس وقت سپر ہیرو بننے کی کوشش کرتا ہے۔سب سے بڑا امتحان ہوتا ہے چائے کا۔

"ارے بھئی چائے کون سی بنائیں؟"

"گرین ٹی یا دودھ پتی؟"

"اور ساتھ میں بسکٹ؟ یا سموسے؟"

یہ وہ سوالات ہیں جو اس موقع پر لڑکی کے والدین کو سوچنے پر مجبور کردیتے ہیں کہ یہ شادی ہو رہی ہے یا "چائے کا مقابلہ" ہو رہا ہے۔

چائے کا کپ لڑکے کے ہاتھ میں جاتے ہی سب کی نظریں اس کی طرف ہوتی ہیں جیسے وہ چائے پینے کی بجائے کوئی نوبل انعام جیتنے والا ہو۔

پہلی چسکی لیتے ہی: "واہ واہ! بہت زبردست چائے ہے!"

اور دل میں: "کیا کڑوی چائے ہے! لگتا ہے یہ رشتہ ختم ہی کردیں!"

اس کے بعد منگنی کی تقریب آتے ہی دونوں خاندانوں کے لیے ایک میدان سجا دیا جاتا ہے۔ جہاں ایک طرف لڑکی والے اپنے زیورات اور قیمتی کپڑوں سے "ہم امیر ہیں" کا مظاہرہ کرتے ہیں، تو دوسری طرف لڑکے والے اپنے خرچ کیے ہوئے پیسوں کو گننے میں لگے ہوتے ہیں۔ "ہمیں جہیز نہیں چاہیے!" کا جملہ بار بار دہرایا جاتا ہے، لیکن اندرون خانہ "گاڑی، پلاٹ، اور فریج کا ذکر" بار بار یاد آتا ہے۔ "ارے بھئی تحفہ دیں، ہم تو جہیز کے سخت خلاف ہیں"، اور تحفہ بھی ایسا جسے منہ سے بول کر لیا جاتا ہے، اب آپ ہی طے کریں کہ یہ تحفہ ہوا یا۔۔۔۔۔

ایک رشتہ دار چچی جی سے: "ارے بھئی، جہیز میں کتنے جوڑے دیں گے؟"

"ہمیں کچھ نہیں چاہیے، بس بیٹی کی خوشی!"

لیکن تحفے میں: "ایک اچھا پلاٹ مل جائے تو کیا ہی بات ہو!"

منگنی کی تقریب میں سب کی نظریں دلہا اور دلہن پر ہوتی ہیں۔لیکن اصل مقابلہ دلہن کی سہیلیوں اور دلہا کے دوستوں کے درمیان ہوتا ہے۔دونوں طرف سے ایسا دنگل ہوتا ہے کہ "کون زیادہ بجیلا نظر آتا ہے؟"

دلہن کی سہیلیوں کا کام ہوتا ہے کہ وہ ہر وقت دلہا کو گھورتے رہیں اور دلہا کے دوستوں کا مقصد ہوتا ہے کہ وہ ہر لمحہ سہیلیوں کو متاثر کرنے کی کوشش کریں۔

اب آتے ہیں شادی کی تیاریوں کی طرف۔شادی سے پہلے دلہن کا گھر ایک جنگ کا میدان بن جاتا ہے، جہاں ہر فرد اپنی اپنی فوج کے ساتھ تیاریوں میں جُت جاتا ہے۔

لڑکی کے والد:

"تمہیں پھول لانے تھے!"

"یہ کیسی کرسی ہے؟"

"اور یہ سٹیج؟ یہ کہاں سے آیا؟"

لڑکی کی والدہ کے پاس ایسے سوالات ہوتے ہیں جن کے جواب خود اس دنیا میں موجود نہیں۔

"یہ رنگ کیوں بھاری ہے؟"

"ارے! یہ دلہن کا ڈریس ہے یا کوئی خلائی لباس؟"

مہندی: جہاں سب ہی ڈانسر بن جاتے ہیں

مہندی کی تقریب وہ ہوتی ہے جہاں ہر بندہ اپنی اندرونی "مادھوری دکشت" یا "شاہ رخ خان" کو باہر لے آتا ہے۔یہ وہ دن ہوتا ہے جب آپ کے رشتہ دار، جو کبھی زندگی میں ایک قدم بھی صحیح سے نہ اٹھا سکے ہوں، مہندی میں ایسے ڈانس کرتے ہیں جیسے "جھلک دکھلا جا" کا ٹائٹل جیتنے والے ہوں۔

"بیٹا، یہ گانا تو مجھے آتا ہی نہیں!"

لیکن پھر ڈانس فلور پر:

"دیکھو، میں نے بالی ووڈ کے سب اسٹارز کو مات دے دی!"

دلہن کی سہیلیاں اور دلہا کے دوست ایک دوسرے کو اتنے سنجیدہ انداز میں گھورتے ہیں جیسے یہ شادی میں نہیں بلکہ کسی جاسوسی مشن پر آئے ہوں۔ ہر کوئی اپنی اپنی ڈانس پرفارمنس کی ویڈیو بنانے میں لگا ہوتا ہے تاکہ انسٹاگرام پر پوسٹ کرکے "ہٹ" ہو جائے۔

بارات کا دن دراصل وہ دن ہوتا ہے جب ہر مہمان کے ذہن میں ایک ہی سوال ہوتا ہے: "کھانا کب لگے گا؟" دلہا اپنی شیروانی میں اتنا دب جاتا ہے کہ اس کا منہ بھی صحیح سے نظر نہیں آتا، لیکن سب کی نظریں تو "کھانے کے میز" پر ہوتی ہیں۔

بارات میں دلہا کے دوست یوں کھانے پر ٹوٹتے ہیں جیسے یہ ان کی زندگی کا آخری کھانا ہو۔ بریانی، قورمہ، زردہ— سب کچھ پلیٹوں میں ایسے بھرا جاتا ہے کہ جیسے کل سے کوئی بھوکا رہنے والا ہو۔

ایک باراتی، دلہا کے دوست سے:

"یار، یہ تمہاری تیسری پلیٹ ہے؟"

دوسرا دوست:

"ہاں یار، کل کا ناشتہ بھی یہی ہوگا!"

بارات کے دوران ہر کوئی دلہن کے بارے میں یوں تجسس میں ہوتا ہے جیسے کوئی نیا موبائل لانچ ہونے والا ہو۔ کچھ خواتین کی ایکسپرٹ رائے ہوتی ہے:

"ارے، اتنا میک اپ؟ لگتا ہے اپنی اصل شکل سے خود بھی ڈرتی ہوگی!" اور دوسری جانب کچھ کہتی ہیں: "میک اپ کم ہے، شاید خود کو ضرورت سے زیادہ حسین سمجھتی ہے۔" جیسے ہی دلہن سٹیج پر آتی ہے، لوگوں کی کھسر پھسر شروع ہو جاتی ہے، بالکل ایسے جیسے وہ فلم کا ٹریلر دیکھ کر اندازے لگا رہے ہوں کہ "فلم ہٹ ہوگی یا فلاپ؟"

دلہن کی رخصتی: آخرکار آزادی!

رخصتی کا لمحہ آتے ہی سب کی نظریں دلہن پر ہوتی ہیں، جو روتے ہوئے اپنے والدین کو گلے لگاتی ہے۔ لیکن ایک شرارتی کزن دلہن کے قریب آکر کہتی ہے:

"ارے یار، اتنا مت رو! یہ تو ابھی شروعات ہے، آگے دیکھو کیا کیا ہوتا ہے، سمجھ رہی ہو نا!"

اور دلہن کی ہنسی چھوٹ جاتی ہے، مگر وہ پھر بھی روتی رہتی ہے تاکہ کوئی اور نہ ہنسے۔

ان سب کے بعد ولیمہ وہ تقریب ہوتی ہے جہاں دلہا والوں کو یہ ثابت کرنا ہوتا ہے کہ "ہم بہت کھاتے پیتے ہیں!" ولیمہ کا مقصد صرف اور صرف "کھانا" ہوتا ہے۔ مہمانوں کا ایک ہی سوال ہوتا ہے: "بریانی میں مرغی پوری ہے یا آدھی؟" اور "قورمہ میں گوشت ہے یا صرف گریوی؟"

ہر مہمان یوں کھانے میں مصروف ہوتا ہے جیسے کوئی میوزیکل چیئر کا کھیل چل رہا ہو۔

تو جناب، یہ تھی ہماری عظیم الشان شادی کی تقریب۔ ایک ہفتے تک چلنے والا ایسا ڈرامہ جس میں ہر کردار ایک الگ کہانی لیے ہوتا ہے، اور ہر رسم ایک نیا مسئلہ پیدا کرتی ہے۔ منگنی سے لے کر رخصتی تک، ہر لمحہ یوں گزرتا ہے جیسے ہم کسی فلم کا حصہ ہوں، اور ہر کوئی اپنے آپ کو "ہیرو" سمجھ رہا ہوتا ہے۔

آخر میں، شادی تو ہو ہی جاتی ہے، دلہن اپنے نئے گھر چلی جاتی ہے، اور دلہا ... دلہا بھی شیروانی کے نیچے پسینے میں شرابور، سوچ رہا ہوتا ہے کہ "آخر میں نے کیا کردیا؟"۔ رخصتی کے آنسو، ولیمے کی بریانی، اور جہیز کی نا ختم ہونے والی فہرست ... سب کچھ ایک بھول بھلیاں میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

لیکن خیر، جیسے ہم سب جانتے ہیں، شادی کا مقصد صرف ایک ہے: لوگ کیا کہیں گے؟ اور جب تک لوگ خوش ہیں، سب ٹھیک ہے! دین اسلام کا کیا، ان سب سے تو ہم نے کب کا پیچھا چھڑا لیا ہے۔ نماز جمعہ کافی جو ٹھہرا ہمارے لیے۔ ویسے دلہن کا کیا؟ وہ تو اگلے دن سے ہی نندوں اور ساس کی تنقید کا سامنا کرنے جا رہی ہے۔ اور دلہا؟ وہ اپنی شادی کی تصویریں دیکھتے ہوئے سوچ رہا ہوگا کہ "آخر میں نے اتنی بڑی غلطی کیوں کی؟"

تو بس یوں سمجھیے کہ شادی ایک ایسی تقریب ہے جس میں ہر کوئی اپنی زندگی کا سب سے بڑا "تماشا" کرنے آیا ہوتا ہے۔ اور ہم سب دل سے چاہتے ہیں کہ یہ تماشا ہر چند سالوں بعد کسی نہ کسی کی شادی پر دوبارہ دہرا جائے۔

آخر میں، یہی کہہ سکتے ہیں کہ "شادی میں جو مزہ ہے، وہ شاید دنیا کے کسی اور موقع پر نہ ہو!"

# دلوں کا بغض



مختار احمد قریشی
Mukhtar.qur@gmail.com
+918082403001

بغض، نفرت، حسد اور کینہ وہ منفی جذبات ہیں جو انسانی دل میں سرایت کرکے اُسے اندر سے کھوکھلا کردیتے ہیں۔ دلوں کا بغض ایک ایسی حالت ہے جو فرد کو ذہنی اور روحانی طور پر بیمار کردیتا ہے اور معاشرتی تعلقات میں دراڑ ڈال دیتا ہے۔ دلوں میں بغض کی جڑیں نہایت گہری اور زہریلی ہوتی ہیں، جو نہ صرف فرد کی شخصیت کو بگاڑ دیتی ہیں بلکہ اجتماعی زندگی کو بھی متاثر کرتی ہیں۔

انسانی تعلقات میں بغض ایک چھپی ہوئی بیماری کی طرح ہوتا ہے، جو آہستہ آہستہ دلوں کو زہر آلود کرتا جاتا ہے۔ اس بیماری کا آغاز اکثر چھوٹی چھوٹی باتوں سے ہوتا ہے، جیسے کسی کی کامیابی پر حسد یا کسی کے اچھے کام پر دل میں ناگواری کا پیدا ہونا۔ ابتدا میں یہ جذبات معمولی محسوس ہوتے ہیں، لیکن جب ان پر قابو نہیں پایا جاتا، تو یہ بغض میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔

دلوں میں بغض کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں۔ سب سے پہلی وجہ انسان کی اپنی ذات میں عدم تحفظ کا احساس ہے۔ جب کوئی شخص اپنے آپ کو دوسروں کے مقابلے میں کمتر محسوس کرتا ہے، تو وہ دوسرے لوگوں کی خوشیوں اور کامیابیوں سے حسد کرنے لگتا ہے۔ یہ حسد آہستہ آہستہ بغض کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ اس کے علاوہ، ماضی میں ہونے والی کوئی ناانصافی یا غلط فہمی بھی دلوں میں بغض کا سبب بن سکتی ہے۔

بغض ایک ایسا زہر ہے جو نہ صرف دل و دماغ کو متاثر کرتا ہے، بلکہ انسان کے جسمانی صحت پر بھی منفی اثرات مرتب کرتا ہے۔ یہ دل کی بیماریوں، ہائی بلڈ پریشر، اور دماغی تناؤ کا باعث بن سکتا ہے۔ جب انسان مسلسل بغض کے جذبات میں مبتلا رہتا ہے، تو وہ سکون اور اطمینان سے محروم ہو جاتا ہے۔ راتوں کو نیند کا غائب ہونا، ہر وقت پریشان رہنا اور خوشیوں کا چھن جانا، یہ سب بغض کے اثرات ہیں۔

دلوں کا بغض نہ صرف فرد کو متاثر کرتا ہے بلکہ پورے معاشرے میں بگاڑ پیدا کرتا ہے۔ جب افراد کے دلوں میں ایک دوسرے کے لیے نفرت اور کینہ ہو، تو وہ ایک دوسرے کے ساتھ مخلصانہ تعلقات نہیں بنا سکتے۔ نتیجتاً، معاشرتی رشتے کمزور ہو جاتے ہیں اور لوگ ایک دوسرے پر بھروسہ کرنے سے کتراتے ہیں۔ ایسے معاشرے میں محبت، ہمدردی اور تعاون کی جگہ نفرت، خود غرضی اور عدم تعاون لے لیتے ہیں۔

اسلامی تعلیمات میں بغض کو سخت ناپسند کیا گیا ہے اور اس سے بچنے کی تلقین کی گئی ہے۔ رسول اکرمؐ نے فرمایا کہ دلوں کو بغض، حسد اور کینہ سے پاک رکھنا ایمان کی ایک نشانی ہے۔ ایک مسلمان کا دل محبت، اخلاص اور بھائی چارے کا مرکز ہونا چاہیے۔ جب دلوں میں بغض جگہ بنالیتا ہے، تو وہ ایمان کی روشنی کو مدھم کردیتا ہے اور انسان کو حق و باطل کی پہچان سے محروم کردیتا ہے۔

اسلام میں دلوں کو صاف رکھنے پر بہت زور دیا گیا ہے۔ قرآن کریم میں بھی اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو حکم دیا ہے کہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ محبت اور ہمدردی کے ساتھ پیش آئیں، اور دلوں میں بغض نہ رکھیں۔ حدیث نبوی ﷺ میں بھی اس بات کی وضاحت کی گئی ہے کہ بغض رکھنے والا شخص جنت میں داخل نہیں ہوسکتا۔ رسول اللہؐ نے فرمایا : تم جنت میں نہیں جاؤ گے جب تک ایمان نہ لاؤ، اور تمہارا ایمان مکمل نہیں ہوگا جب تک تم آپس میں محبت نہ کرو۔ ; دلوں کا بغض دراصل انسان کی روحانیت کو کھا جاتا ہے اور اسے بے حسی اور غفلت کی طرف لے جاتا ہے۔ جب دل بغض سے بھرا ہوتا ہے تو اس میں اللہ کی محبت اور بندوں کی محبت کے لیے جگہ نہیں بچتی۔ انسان خود غرض ہو جاتا ہے اور اپنی ذات کے خول میں بند ہو کر رہ جاتا ہے۔

بغض سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے سب سے پہلا قدم خود احتسابی ہے۔ انسان کو اپنے دل میں جھانک کر دیکھنا چاہیے کہ کہیں وہ کسی کے لیے ناپسندیدگی یا حسد کے جذبات تو نہیں رکھتا؟ اگر ایسا ہو تو فوراً توبہ کریں اور دل کو صاف کریں۔ دوسرا قدم معافی ہے۔ اگر کوئی آپ کے ساتھ زیادتی کرے یا آپ کو نقصان پہنچائے، تو اسے معاف کرنے کی عادت ڈالیں۔ معافی دل کو بغض سے آزاد کرتی ہے اور انسان کو روحانی سکون عطا کرتی ہے۔ تیسرا اہم قدم شکر گزاری ہے۔ اپنے رب کا شکر ادا کریں اور اس کی دی ہوئی نعمتوں پر قناعت کریں۔ جب انسان قناعت اور شکر گزاری کا راستہ اپناتا ہے تو اس کے دل میں حسد اور بغض کی جگہ نہیں بچتی۔ جو لوگ ہر حال میں شکر ادا کرتے ہیں، وہ دوسروں کی کامیابیوں اور خوشیوں پر خوش ہوتے ہیں اور خود بھی خوش رہتے ہیں۔ ہمیں یہ یاد رکھنا چاہیے کہ زندگی بہت مختصر ہے۔ اس قلیل مدت کو بغض اور نفرت میں ضائع کرنا بے معنی ہے۔ دلوں کو صاف رکھیں، محبت بانٹیں اور ایک دوسرے کے لیے خیر خواہی کے جذبات رکھیں۔ یہی انسانیت کا اصل مطلب ہے اور یہی زندگی کا حقیقی سکون ہے۔ اگر ہم دلوں کے بغض سے نجات پالیں تو نہ صرف ہماری زندگی خوشگوار ہو جائے گی بلکہ ہم ایک مضبوط اور خوشحال معاشرے کی بنیاد بھی رکھ سکیں گے۔ دل کی صفائی انسان کو اللہ کے قریب لے جاتی ہے اور دنیا میں بھی سکون اور خوشی کا ذریعہ بنتی ہے۔

**************

( کالم نویس ایک مصنف ہے اور پیشے سے استاد ہے۔ ان کا تعلق بونیار بارہمولہ سے ہے )

